© rasailojaraid.com



# مسافرینِ آخرت

## حضرت سید محمد اشرف علی رحمہ اللہ:

نامور خطاط، محترم سید نفیس الحسینی مدظلہ کے والد ماجد حضرت سید محمد اشرف علی ۳۰ ربیع الاول ۱۴۱۶ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۹۵ء کو بعمر نوے سال لاہور میں انتقال فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون مرحوم بھی اپنے دور کے نامور خطاط تھے اور قرآنِ کریم کے کئی نسخے کتابت کئے۔ عابد و زاہد اور شب زندہ دار انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرما کر درجات بلند فرمائے (آمین)

## حافظ عبدالکریم ملتانی مرحوم

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم حافظ عبدالکریم صاحب گزشتہ ماہ طویل علالت کے بعد ملتان میں رحلت فرما گئے۔ وہ ۱۹۳۴ء میں جماعت سے وابستہ ہوئے اور مرتے دم تک احرار سے ہی وابستہ رہے۔ حضرت امیر شریعت سے بے پناہ محبت و عقیدت رکھتے تھے۔ حافظ صاحب کے چار بیٹے حافظِ قرآن ہیں۔ ان کے ایک فرزند کا نام محمد معاویہ ہے اور یہی وہ محمد معاویہ ہیں جن کا نام حضرت امیر شریعت نے تجویز فرمایا تھا۔ حافظ صاحب مرحوم جرأت و ایثار اور وفاء و استقامت کا پیکر تھے۔ ان کی وصیت کے مطابق انہیں حضرت امیر شریعت کے قدموں میں دفن کیا گیا اور ابنِ امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔

## محمد معاویہ مراد مرحوم

مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم عبدالغفور صاحب کے جواں سال فرزند محمد معاویہ مراد انتقال کر گئے۔

## جناب عطاء اللہ گجر مرحوم

مدرسہ محمودیہ ناگڑیاں ضلع گجرات کے معاون اور ہمارے کرم فرما جناب عطاء اللہ گجر گزشتہ ماہ رحلت کر گئے۔

## جناب احمد خان مرحوم

مجلس احرار اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے رہنما محترم کپتان غلام محمد کے فرزند محترم امیر عمر کے خسر جناب احمد خان ۴ ستمبر کو رحلت فرما گئے۔ مرحوم، مسجد سیدنا علی المرتضیٰ چکڑالہ کے خادم تھے اور جماعت کے معاون تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔ اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ سب مرحومین کے لئے ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں اور دعاء مغفرت کریں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com